ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

تیسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل: نیوزی لینڈ ویمنز کی پاکستان ویمنز کے خلاف 6 رنز سے کامیابی

میچ کا فیصلہ ڈک ورتھ لوئس قانون کے تحت ہوا،

ندا ڈار سب سے زیادہ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کھیلنے والی پاکستانی کھلاڑی بن گئیں

کوئنز ٹاؤن 9 دسمبر۔ نیوزی لینڈ ویمنز نے پاکستان ویمنز کو تیسرے اور آخری ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں 6 رنز سے شکست دیدی۔ میچ کا فیصلہ ڈک ورتھ لوئس قانون کے تحت ہوا۔

پاکستان ویمنز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 5 وکٹوں پر 137 رنز بنائے۔
نیوزی لینڈ ویمنز نے 15 اوورز میں 2 وکٹوں پر 101 رنز بنائے تھے کہ بارش کی وجہ سے کھیل روک دینا پڑا۔

اس طرح تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں کی یہ سیریز پاکستان ویمنز نے دو ایک سے اپنے نام کی ہے۔

اس نے پہلا میچ سات وکٹوں سے اور دوسرا میچ دس رنز سے جیت کر نیوزی لینڈ میں ٹی ٹوئنٹی سیریز جیتنے والی پہلی ایشیائی ٹیم ہونے کا منفرد اعزاز حاصل کیا تھا۔

ہفتے کے روز جان ڈیوس اوول میں کھیلے گئے تیسرے ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل میں نیوزی لینڈ ویمنز نے ٹاس جیت کر پاکستان ویمنز کو بیٹنگ دی۔ پاکستان ویمنز چار تبدیلیوں کے ساتھ میدان میں اتری۔ شوال ذوالفقار۔ بسمہ معروف۔ ڈیانا بیگ اور نجیہہ علوی کی جگہ سدرہ امین۔ صدف شمس۔ وحیدہ اختر اور نتالیہ پرویز کو ٹیم میں شامل کیا گیا۔

کپتان نداڈار کا یہ 141 واں ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل میچ تھا اس طرح وہ پاکستان کی طرف سے سب سے زیادہ ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل کھیلنے والی کھلاڑی بن گئیں۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ بسمہ معروف کا تھا جو 140 ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل کھیل چکی ہیں۔

پاکستان ویمنز کی اننگز میں منیبہ علی اور سدرہ امین نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 64 رنز کا اضافہ کیا۔ سدرہ امین نے چار چوکوں کی مدد سے 43 رنز بنائے۔ منیبہ علی نے دو چوکوں کی مدد سے 27 رنز اسکور کیے۔ تاہم ان دونوں کے بعد دیگر بیٹرز اسکور میں 73 رنز کا اضافہ کر پائیں۔ نداڈار نے دو چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 25 رنز اسکور کیے۔ فاطمہ ثنا نے دو چوکوں کی مدد سے 17 رنز بنائے۔

میزبان ٹیم کی طرف سے کپتان ایمیلیا کر، نے 11 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ ایڈن کارسن نے 20 رنز دے کر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

نیوزی لینڈ ویمنز کی اننگز کی خاص بات سوزی بیٹس کی نصف سنچری تھی۔ انہوں نے 5 چوکوں کی مدد سے 51 رنز اسکور کیے اور ناٹ آؤٹ رہیں۔ انہوں نے کپتان ایمیلیا کر، کے ساتھ دوسری وکٹ کی شراکت میں 63 رنز کا اضافہ کیا۔ ایمیلیا کر 35 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔

پاکستان ویمنز کی طرف سے سعدیہ اقبال اور نشرہ سندھو نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

سوزی بیٹس پلیئر آف دی میچ قرار پائیں جبکہ فاطمہ ثنا نے پلیئر آف دی سیریز کا ایوارڈ حاصل کیا۔

پاکستان ویمنز اور نیوزی لینڈ کے درمیان اب آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کی ون ڈے سیریز کھیلی جائے گی۔ پہلا میچ 12 دسمبر کو کوئنز ٹاؤن میں کھیلا جائے گا جبکہ بقیہ دو میچز 15 اور 18 دسمبر کو کرائسٹ چرچ میں ہونگے۔

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial